ادارۂ تحقیقات اسلامی کے زیر اہتمام
''برصغیر میں مطالعہ حدیث'' پر قومی مذاکرہ

ادارۂ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد علوم اسلامیہ سے متعلق علمی و تحقیقی کتب شائع کرتا رہتا ہے اور قومی و بین الاقوامی سطح پر سیمیناروں اور کانفرنسوں کا اہتمام بھی کرتا رہتا ہے۔ان سیمیناروں میں برصغیر میں مطالعہ قرآن حکیم ، برصغیر کے اسلامی فکر کے حوالے سے اٹھارویں صدی، تحقیق و تدوین اسلامی مخطوطات، امام ابو حنیفہ: حیات فکر اور خدمات، مغرب میں مطالعہ اسلامی کے علاوہ متعدد دیگر موضوعات پر منعقدہ سیمینار اور کانفرنسیں شامل ہیں۔ان علمی مجلسوں میں پڑھے جانے والے مقالات پر مبنی کتابیں بھی شائع ہوتی رہتی ہیں۔

اب ادارہ نے مارچ-اپریل ۲۰۰۳ء میں '' برصغیر میں مطالعہ حدیث'' کے موضوع پر ایک قومی مذاکرہ کا منصوبہ بنایا ہے۔ جس میں برصغیر پاک و ہند میں خدمت حدیث کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔ علوم حدیث میں تحقیقی ذوق رکھنے والے اہل علم کو شرکت کی دعوت ہے۔ مقالہ نگاروں کی سہولت کی خاطر برصغیر میں مطالعہ حدیث کی مختلف جہتوں کی نشان دہی کر دی گئی ہے۔ شرکت کا ارادہ رکھنے والے محققین سے درخواست ہے کہ وہ ۱۵ نومبر ۲۰۰۲ تک اپنی رضا مندی اور ممکن ہو تو اپنے مقالے کا خلاصہ ارسال کر دیں۔ مزید معلومات کے لیے مندرجہ ذیل پتہ پر رابطہ کیا جا سکتا ہے:

ڈاکٹر سہیل حسن، صدر شعبہ علوم القرآن و الحدیث
ادارۂ تحقیقات اسلامی ، پوسٹ بکس نمبر ۱۰۳۵،
فیصل مسجد، اسلام آباد
فون نمبر 9261947 ، ای میل
drsohailhasan@hotmail.com